F.6-4 (Edit)/2023 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education

Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:13/12/2023

قومی اردو کونسل کا چھبیسواں اردو کتاب میلہ 6 تا 14 جنوری 2024 ممبئی میں منعقد ہوگا

اردو زبان اور کتابوں سے محبت رکھنے والے کثیر تعداد میں شرکت کریں: پروفیسر دھننجے سنگھ

نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے ذریعے اردو کے فروغ کے لیے مختلف اسکیمیں چلائی جاتی ہیں، جن میں سے ایک اہم اسکیم اردو کتاب میلہ بھی ہے۔کونسل ہر سال دس روزہ کتاب میلے کا انعقاد کرتی ہے، جس میں ملک کے مشہور و معروف اردو پبلشرز اپنی عمدہ علمی و ادبی کتابوں کے ساتھ شریک ہوتے ہیں۔اس کے لیے ملک کے مختلف علاقوں بالخصوص اردو آبادی پر مشتمل شہروں کا انتخاب کیا جاتا ہے، تاکہ وہاں کے لوگوں میں اردو زبان اور اردو کتابوں کے تئیں نئے سرے سے شوق و رغبت اور دلچسپی پیدا کی جائے۔اس مرتبہ کونسل نے ممبئی کے معروف تعلیمی و ثقافتی ادارے انجمن اسلام کے اشتراک سے باندرہ کرلا کمپلیکس، ممبئی میں اس میلے کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ کتاب میلہ 6 جنوری 2024 سے 14 جنوری 2024 کے دوران منعقد کیا جائے گا۔کونسل کے ڈائریکٹر پروفیسر دھننجے سنگھ نے اس میلے کے تئیں غیر معمولی جوش و جذبے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہاراشٹر میں اردو کے شائقین اور اس زبان سے محبت کرنے والے کثیر تعداد میں پائے جاتے ہیں، ہزاروں اردو میڈیم اسکول اور کالجز برسرِ کار ہیں اور طلبا میں بھی اردو سیکھنے کا غیر معمولی شوق پایا جاتا ہے، اس لیے ہم نے اس سال مہاراشٹر کے مرکزی شہر ممبئی میں کونسل کے قومی اردو کتاب میلے کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے، مجھے امید ہے کہ اس کتاب میلے میں شہر ممبئی اور مضافات کے تمام محبان اردو غیر معمولی دلچسپی کا مظاہرہ کریں گے، بڑی تعداد میں کتابیں خرید کر ان کا مطالعہ کریں گے جس سے ان کے علمی و ادبی ذوق کی تسکین ہوگی۔انھوں نے بتایا کہ اس میلے میں ہندوستان بھر کے درجنوں ناشرینِ کتب شرکت کریں گے اور ہر قسم کی علمی و ادبی کتابیں بہت مناسب قیمتوں پر بہ آسانی دستیاب ہوں گی۔ پروفیسر سنگھ نے کہا کہ کونسل کے کتاب میلے ہمیشہ کامیاب رہے ہیں اور اب تک اس کے زیر اہتمام مختلف شہروں میں پچیس میلے منعقد کیے جا چکے ہیں، پچھلے سال تملناڈو کے شہر وانمباڑی میں اس کا انعقاد کیا گیا تھا جس میں شائقین علم و ادب نے کم و بیش پچاس لاکھ کی کتابیں خرید کر ایک ریکارڈ قائم کیا تھا۔انھوں نے توقع ظاہر کی کہ ممبئی کتاب میلے کے تئیں اردو طبقہ اس سے زیادہ ذوق و دلچسپی کا مظاہرہ کرے گا اور یہ میلہ پچھلے اردو کتاب میلوں سے بھی زیادہ کامیاب ثابت ہوگا۔

(رابطہ عامہ سیل)